نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کی رجسٹریشن جاری ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:24 ستمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔اس ضمن میں ایسے کاشتکار جو ایک ایکڑ سے 50 ایکڑ تک زرعی اراضی کے مالکان ہیں وہ اس سکیم کے تحت اپنی رجسٹریشن کروا سکتے ہیں۔اس سکیم کے تحت کاشتکاروں کو 50 تا 85 ہارس پاور ٹریکٹرز سبسڈی پر فراہم کیے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا کہ اس سے قبل ایسی بڑی سکیم تاریخ میں شروع نہیں کی گئی جس میں فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے تک کاشتکاروں کو سبسڈی دی جا رہی ہو۔ حکومت پنجاب نے وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے لیے 30 ارب روپے کی رقم مختص کی ہے اور پہلے فیز میں 9500 گرین ٹریکٹرز کاشتکاروں کو بذریعہ شفاف قراندازی فراہم کیے جائیں گے۔ آن لائن رجسٹریشن کے لیے کاشتکار محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے اپلائی کر سکتے ہیں. اس کے علاوہ ایسے موضع جات جو ڈیجیٹائزڈ نہیں ہے ان کے لیے درخواست فارم متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع کے دفتر میں دستیاب ہیں۔ مزید معلومات و رہنمائی کے لیے کاشتکار دفتری اوقات میں زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر رابطہ کر سکتے ہیں